نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے کسان کنونشن کا انعقاد

ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب ڈاکٹر انجم علی، ڈاکٹر سعید اقبال و دیگر ماہرین نے کاشتکاروں کو گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی اور کھادوں کے متوازن استعمال بارے آگاہی دی

لاہور: 26 نومبر 2022( ) کورونا کے بعد دنیا میں فوڈ سیکورٹی پہلی ترجیح بن چکی ہے۔گندم ہماری اہم غذائی فصل ہے جس بات کا موجودہ حکومت کو بخوبی ادراک ہے یہی وجہ ہے کہ امسال گندم کی بمپر پیداوار حاصل کرنے کیلئے متعدد عملی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب ڈاکٹر انجم علی نے محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد کمپنی کے باہمی تعاون سے بہاولپور میں زیادہ گندم اگاؤ مہم کے سلسلہ میں منعقدہ کسان کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ گندم کی پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت 12 ارب 59 کروڑ روپے کی لاگت سے گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کیلئے کاشتکاروں کو سبسڈی فراہم کی جارہی ہے۔امسال صوبہ پنجاب کے لئے گندم کی کاشت کا ہدف 1 کروڑ 65 لاکھ ایکڑ جبکہ پیداواری ہدف 2 کروڑ 20 لاکھ میٹرک ٹن مقرر کیا گیا ہے جس کے حصول کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔گزشتہ سال ضلع بہاولپور میں 7 لاکھ 31 ہزار ایکڑ رقبہ پر گندم کاشت ہوئی جس سے 10 لاکھ 52 ہزار ٹن پیداوار حاصل ہوئی۔امسال بھی کاشتکار قومی جذبے کے تحت گندم زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کریں گے۔اس سال گندم کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے لئے کاشتکاروں کو گندم کی منظور شدہ اقسام کے بیج 1200 روپے فی بیگ اور جڑی بوٹی مار زہروں بھی سبسڈی فراہم کی جائے گی۔اس کے علاوہ گندم کی مشینی کاشت کو فروغ دینے کیلئے کاشتکاروں کو اربوں روپے کی جدید زرعی مشینری 50 فیصد سبسڈی پر فراہمی کے پروگرام پر بھی عملدرآمد جاری ہے۔اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور جمشید خالد سندھو نے کہا کہ بہاولپور ڈویژن میں گندم، کماد اور کپاس کی فصل زیادہ ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکار زرعی ماہرین کے مشوروں پر عمل کریں تاکہ گندم کی پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔انہوں نے کہا کہ بہاولپور ڈویژن میں گندم کی فی ایکڑ اوسط پیداوار 36 من فی ایکڑ ہے جسے بڑھانا وقت کی ضرورت ہے تاکہ ملکی خوراک کی ضروریات کو پورا کیا جا سکے۔انہوں نے کہا کہ کاشتکار اوائل نومبر میں کاشتہ گندم کی فصل کو کھاد اور پہلا پانی بروقت لگائیں کیونکہ اس مرحلہ پر کسی بھی قسم کی تاخیر پیداوار متاثر کر سکتی ہے۔کاشتکاروں کو گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق آگاہی اور فنی رہنمائی کے لئے محکمہ زراعت توسیع کا عملہ کاشتکاروں کے شانہ بشانہ فیلڈ میں موجود ہے۔اس کے علاوہ پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا کو بھی استعمال کیا جا رہا ہے تاکہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے ہدف کا حصول یقینی بنایا جا سکے۔کاشتکار حکومت پنجاب کے جاری کسان دوست منصوبوں سے بھرپور فائدہ اٹھائیں اور گندم کو زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کاشت کر کے صوبہ پنجاب کے گندم کے پیداواری ہدف کے حصول اور فوڈ سیکیورٹی کو یقینی بنانے میں اپنا قومی کردار ادا کریں۔اس موقع پر ڈاکٹر لعل حسین اختر نے گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی جبکہ نجی کمپنی کے زرعی ماہر ڈاکٹر سعید اقبال نے گندم کی فصل میں کاشتکاروں کو سفارش کی کہ وہ گندم کی فصل میں فاسفورسی اور نائٹروجنی کھادوں کا متوازن اور بروقت استعمال یقینی بنائیں۔کسان کنونشن میں ڈائریکٹر زراعت توسیع جمشید خالد سندھو، ڈپٹی ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع حافظ محمد شفیق سمیت محکمہ زراعت کے افسران اور کسانوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

0-0-0-0-0